© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرۂ کتب

ادارہ

**مولانا مفتی محمود حیات و خدمات** — از جناب نعیم آسی صاحب۔ ناشر: مسلم اکادمی وزیر پورہ سیالکوٹ۔
قیمت ۲۰/- روپے ، صفحات : ۲۷۲

عہد حاضر کے ایک جیّد اور ذی حمیت عالم دین ایک زیرک سیاستدان ایک عالی دماغ مفکر و مدبر مولانا مفتی محمود صاحب سربراہ قومی اتحاد کے ہمہ جہتی سوانح، علمی، دینی، سیاسی اور قومی وملی خدمات کا حسین مرقع ایک سلجھے ہوئے صاحب قلم جناب نعیم آسی صاحب کے قلم سے جو اپنی کتاب اقبال اور قادیانی پر علمی حلقوں سے خراجِ تحسین پا چکے ہیں۔ پیش نظر کتاب حضرت مفتی صاحب کی سوانح میں تسلسل جامعیت اور حسنِ ترتیب کے لحاظ سے سب سے عمدہ سوانح ہے نہ صرف مفتی صاحب کی بلکہ ان کی جماعت — جمعیت العلماء اسلام کی بھی اہم تاریخ اس میں آگئی ہے۔ ملک ۳۰ سال سے جن نازک حالات اور بحرانوں سے گذرا ہے۔ اس میں حضرت مفتی صاحب اور ان کی جماعت کے بے داغ اور عاقبت اندیشانہ اور مدبرانہ کردار اور طرزِ عمل کی بھی کتاب ایک تاریخ ہے۔ ہمیں خوشی ہے۔ کہ حضرت مفتی صاحب کی سوانح پر ایک ایسی کتاب سامنے آگئی جو سنجیدگی متانت، تحقیق واستناد اور جامعیت کے لحاظ سے صاحبِ سوانح کے عظیم مقام و شخصیت کے شایانِ شان ہے۔

(سمیع الحق)

**قاعدہ تیسیر القرآن** — از قاری محمد یعقوب ہزاروی جامعہ اسلامیہ صدر مارکیٹ۔ راولپنڈی۔ ۵۶ صفحات۔
قیمت ۱/۲۵ روپیہ — قرآن پاک ناظرہ کو آسان کرنے والا نہایت ہی عمدہ پیرایہ میں جس سے قرأت کے ضروری قواعد بھی آسانی سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ ایک مشاق قاری کے قلم سے چالیس کارآمد تختیوں اور اہم قواعد پر مشتمل کتابچہ سکول کی ابتدائی کلاسوں میں شاملِ نصاب کرنے کا مستحق ہے۔



© rasailojaraid.com